**SMG سروسز**
**رازداری کی عالمگیر پالیسی**

مؤثر تاریخ: مارچ 2018

اس رازداری کی پالیسی کا اطلاق SMG کے ذریعہ اس ویب سائٹ اور دیگر ویب سائٹوں، سروسز، اور اپلیکیشنز، بشمول موبائل اپلیکیشنز کے ذریعہ اکٹھا کردہ ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ پر ہوتا ہے، جس پر رازداری کی یہ پالیسی پوسٹ، لنک کی گئی ہے یا اس کا حوالہ دیا گیا ہے(اجتماعی طور پر، "**SMG سروسز**")۔ "ذاتی ڈیٹا" شناخت شدہ یا قابل شناخت شخص سے متعلق معلومات ہے۔ SMG سروسز، سروس مینیجمنٹ گروپ، LLC، سروس مینیجمنٹ گروپ لمیٹڈ، سروس مینیجمنٹ گروپ GK، اور ان کے متعلقہ ملحقین کی ملکیت ہیں اور / یا ان کے ذریعہ چلائی جاتی ہے (مجموعی طور پر، "**SMG**،" "ہم" یا "ہمیں")۔ رازداری کی یہ پالیسی ہمارے ذریعہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو جمع کرنے اور اسے پراسیس کرنے کے طریقوں کو بیان کرتی ہے۔

رازداری کے اس نوٹس کو بغور پڑھیں۔ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو رازداری کی اس پالیسی میں وضاحت کردہ کے مطابق جمع اور پراسیس کیا جائے گا۔

اگر آپ نے ایسا نہیں کیا ہے، تو SMG کی سروس کی شرائط کا جائزہ لیں، جو آپ کے ذریعہ ہماری ویب سائٹ، اپلیکیشنز، سروسز اور موبائل اپلیکیشنز کو استعمال کرنے کی نگرانی کرنے والے شرائط کا تعین کرتی ہیں ("SMG سروسز")۔

**اگر آپ رازداری کی اس پالیسی کے کسی بھی حصہ یا سروس کی شرائط سے متفق نہیں ہوتے ہیں، تو SMG سروسز کی کسی بھی خدمات کا استعمال نہ کریں۔**


1. **رازداری کی پالیسی میں تبدیلیاں**
2. **SMG کے ذریعہ پراسیس کیے گئے ذاتی ڈیٹا کی قسمیں**
3. **ہمارا معلومات جمع کرنے کا طریقہ اور پراسیسنگ کے مقاصد**
4. **پراسیسنگ کی قانونی بنیادیں**
5. **ہم ذاتی ڈیٹا کا استعمال اور اشتراک کس طرح کرتے ہیں**
6. **ذاتی ڈیٹا کو برقرار رکھنا اور اسے ضائع کرنا**
7. **ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ سے متعلق آپ کے حقوق اور انتخابات**
8. **ذاتی ڈیٹا فراہم نہ کرنے کے نتائج**
9. **کوکیز سے متعلق پالیسی**
10. **آپ کے اکاؤنٹ کی معلومات کا نظم کرنا**
11. **بچوں کی رازداری**
12. **فریق ثالث خدمات تک رابطے**
13. **معلومات کی سلامتی**
14. **ذاتی ڈیٹا کا جغرافیائی ملحوظات بیرون ملک منتقلی**
15. **ہم سے رابطہ کرنے کا طریقہ**
16. **ڈیٹا کنٹرولر اور ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر**


### 1. رازداری کی اس پالیسی میں تبدیلیاں

جب ہم رازداری کی پالیسی پر اثر ڈالنے والی تبدیلیاں کرتے ہیں تو ہم وقت وقت پر رازداری کی اس پالیسی کو اپ ڈیٹ کریں گے، جیسے نئی سروسز اور اپلیکیشنز شامل کرنا، اپنی خدمات میں بہتری لانا، اور ٹیکنالوجیز اور قوانین کی تبدیلیوں سے نمٹنا۔ اس رازداری کی پالیسی کی مؤثر تاریخ، جو اس ویب صفحہ کے اوپر مذکور ہے، رازداری کی پالیسی کو آخری بار اپ ڈیٹ کیے جانے تاریخ کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر یہ تبدیلیاں اہم ہیں تو SMG آپ کو نوٹس فراہم کرے گی، اور قابل اطلاق قانونی تقاضہ کے مطابق، ہم آپ کی منظوری حاصل کریں گے۔ یہ نوٹس ہماری ویب سائٹ پر تبدیلیوں کا نوٹس شائع کرکے یا ہماری اپلیکیشنز کے ذریعہ فراہم کی جائیں گی۔

### 2. SMG کے ذریعہ پراسیس کیے گئے ذاتی ڈیٹا کی قسمیں

SMG ان کمپنیوں کی جانب سے مارکیٹ ریسرچ انجام دیتی ہے جو اپنے سامانوں اور خدمات کے بارے میں صارفین کی ترجیحات کو بہتر طور پر سمجھنے کی خواہشمند ہیں۔ یہ کمپنیاں ہماری "**کلائنٹس**" ہیں۔ ہم اپنے کلائنٹس کی جانب سے سرویز انجام دیتے ہیں (مجموعی طور پر، "**سرویز**") اور ان معلومات کا استعمال صارفین کی بصیرتیں

حاصل کرنے کے لیے کرتے ہیں، جیسے صارفین کہاں، کب اور کتنی کثرت سے خردہ فروشی والے مقامات پر جاتے ہیں اور ان دوروں کے دوران ان کے تجربات کیا ہوتے ہیں۔ جب آپ سروے انجام دیتے یا SMG سروسز استعمال کرتے ہیں، تو ہم ذاتی ڈیٹا جمع کرتے ہیں جو آپ ہمیں رضاکارانہ طور پر فراہم کرتے ہیں۔

ہم جو ذاتی ڈیٹا جمع کرتے ہیں ان میں شامل ہیں: (1) رابطہ کا ڈیٹا (جیسے ای میل پتہ، ٹیلیفون نمبر، اور آجر)؛ (2) آبادیاتی ڈیٹا (جیسے جنس، تاریخ پیدائش، اور زپ کوڈ)؛ (3) سرویز کے لیے آپ کے جوابات جو آپ کی شناخت کی حد تک یا انفرادی طور پر آپ سے بحیثیت قابل شناخت فرد کے طور مربوط ہونے کی حد تک؛ اور (4) آپ کے SMG سروسز استعمال کرنے سے متعلق معلومات ("استعمال کا ڈیٹا")۔

ہم استعمال کا جو ڈیٹا جمع کرتے ہیں ان میں شامل ہیں: (IP (1 پتہ؛ (2) ڈومین سرور؛ (3) سروسز تک رسائی کے لیے استعمال کیے جانے والے ڈیوائس (ڈیوائسز) کی قسم؛ (4) آپ کے براؤزر یا ڈیوائس کے درمیان تعامل سے جڑے اعداد و شمار اور معلومات، جیسے ڈیوائس کا ماڈل، کیریئر/ نیٹ ورک، بیٹری کی باقی بچی زندگی کی بنیاد پر مقام کی نمونہ بندی کو بہتر بنانے کے لیے بیٹری کی زندگی کی معلومات، اور آپ کے ڈیوائس کے بارے میں بنیادی استعمال کے اعداد و شمار؛ (5) جب آپ ہمیں اپنے ڈیوائس پر مقام (یا مساوی) کی ترتیبات کے ذریعہ معلومات حاصل کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو ریئل-ٹائم GPS یا دیگر جیو لوکیشن ڈیٹا؛ (6) حوالہ والے ویب صفحہ یا دیگر ذرائع جن کے ذریعہ آپ نے سروسز تک رسائی کی ہے۔ جب آپ آن لائن سروے انجام دیتے ہیں، تو ہم جعلسازی کا پتہ لگانے اور اسے روکنے کے مقاصد کے لیے آپ کی ڈیوائس کے بارے میں متعدد منفرد خصوصیات اکٹھا کرتے ہیں۔

## 3. ہمارا معلومات جمع کرنے کا طریقہ اور پراسیسنگ کے مقاصد

ہم ان معلومات کو جمع اور پراسیس کرتے ہیں جو آپ ہمیں اور اپنے SMG سروسز کے استعمال کے ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔ ہم جو معلومات جمع کرتے ہیں اور ہمارے ذریعہ اسے پراسیس کرنے کا طریقہ آپ کے SMG سروسز تک رسائی اور استعمال کے طریقے پر منحصر ہے۔

**آپ سے۔** ہم آپ سے معلومات حاصل کرتے ہیں جب آپ:

- **سروے مکمل کرتے ہیں:** آپ سروے میں اپنے صارفین کے تجربات اور ترجیحات کے بارے میں جو جوابات ارسال کرتے ہیں ہم انہیں معلومات کو جمع کرتے ہیں۔ آپ کے صارفین کے تجربات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے، ہم آپ کے سروے سے متعلق موصول ہوئے جوابات کو کلائنٹس سے موصول ہونے والی معلومات کے ساتھ ملا سکتے ہیں، جیسے ہمارے کلائنٹس کے لائلٹی پروگرامز میں آپ کی شمولیت کے بارے میں معلومات۔ مجموعی طور پر صارف کے تجربات کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے ہم آپ کے سروے کے جوابات کو دوسرے صارفین سے موصول ہونے والے سروے کے جوابات کی معلومات سے بھی ملا سکتے ہیں۔ جب آپ سروے مکمل کرتے ہیں، تو آپ ہمیں جو معلومات فراہم کرنے کا انتخاب کرتے ہیں اسے ہمارے کلائنٹس یا دیگر کسی بھی ایسے استعمال کے لیے رپورٹس اور صارفین کے تجربات اور ترجیحات کے دیگر تجزیہ میں استعمال کیا جائے گا جس کا افشاء ہم آپ سے معلومات جمع کرتے وقت کرتے ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ آپ کی معلومات کا استعمال رپورٹوں، تجزیات میں یا بصورت دیگر آپ کو بتائے گئے کے مطابق ہو، تو آپ سروے مکمل نہ کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

- **SMG سروسز کا استعمال۔** آپ کے SMG سروسز سے تعامل کرنے پر ہم کوکیز اور ڈیٹا جمع کرنے کے دوسرے ٹولز کے استعمال کے ذریعہ خودکار طور پر استعمال کا ڈیٹا جمع کرتے ہیں۔ ہم استعمال کے اس ڈیٹا کو آپ کے ڈیوائس اور ہمارے سسٹمز تک سہولت فراہم کرنے، سرویز فراہم کرنے، سروے کی سالمیت کو یقینی بنانے، جعلسازی کا پتہ لگانے اور اس کی روک تھام کرنے، مارکیٹ ریسرچ انجام دینے، اپنی ویب سائٹ اور ایپلیکیشن کا نظم کرنے اور اسے بہتر بنانے، اور SMG سروسز کے استعمال کا جائزہ لینے اور اسے بہتر بنانے اور افزوں کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ہم کوکیز اور اس کے مساوی ڈیٹا جمع کرنے کے ٹولز کا استعمال کیوں کرتے ہیں اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، اس رازداری کی پالیسی سے متعلق "کوکیز پالیسی" والا سیکشن ملاحظہ کریں۔

- **SMG سروسز استعمال کرتے وقت اپنا ذاتی ڈیٹا جمع کریں:** جب آپ SMG سروسز استعمال کرنے کے سلسلے میں اپنا ذاتی ڈیٹا جمع کرتے ہیں، جیسے مدد یا معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کرنے یا ہمارے کلائنٹس میں سے کسی کے ساتھ اپنے تجربات کے بارے میں تبصرے فراہم کرنے کے لیے، تو ہم آپ کے ذریعہ فراہم کی گئی معلومات کو جمع اور اس کا تجزیہ کرتے ہیں۔ جب آپ SMG کو تبصرے فراہم کرتے ہیں، تو جو معلومات آپ فراہم کرتے ہیں وہ ہمارے ذریعہ ہمارے کلائنٹس اور مجموعی مارکیٹ ریسرچ کو فراہم کردہ خدمات میں تعاون کرتی ہے۔ آپ کی اجازت کے ساتھ، آپ کے تبصرے کو TrumpetRatings.com پر اور/ یا ہمارے کلائنٹس کی ویب سائٹس پر شائع کیا جاسکتا ہے۔ جب ایسی معلومات پبلک فورم، جیسےTrumpetRatings.com یا عام لوگوں تک رسائی

والی دیگر ویب سائٹس پر شائع کی جاتی ہیں، تو ایسی معلومات عوامی معلومات بن جاتی ہیں۔ آپ نے جو بھی لکھا ہے اسے فریقین ثالث کے ذریعہ دیکھا اور/ یا جمع کیا جاسکتا ہے اور دوسروں کے ذریعہ ایسے طریقے سے استعمال کیا جاسکتا ہے جسے ہم کنٹرول کرنے یا جس کی پیشگوئی کرنے سے قاصر ہیں۔

- **سوشل میڈیا کے اسناد کے ساتھ SMG سروسز تک رسائی کرنا**: SMG کی مخصوص سروسز تک رسائی کے لیے، SMG آپ کو سوشل نیٹ ورکنگ سروسز استعمال کرنے کے موقع کی پیشکش کرسکتی ہے (مجموعی طور پر، **"سوشل میڈیا"**)۔ جب آپ سوشل میڈیا کے اسناد کے ساتھ SMG سروسز تک رسائی کا انتخاب کرتے ہیں، تو SMG کو، آپ کی رازداری کی ترتیبات کے لحاظ سے، آپ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر فراہم کی گئی معلومات تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے، جیسے آپ کا نام، ای میل پتہ، پروفائل تصویر، پوسٹس، تبصرے اور آپ کے سوشل میڈیا سے وابستہ دوسری معلومات۔ ہم ان معلومات کا استعمال رازداری کی پالیسی میں وضاحت کردہ کسی بھی مقاصد اور ایسے کسی بھی اضافی مقاصد کے لیے کرسکتے ہیں جس کے بارے میں آپ کو معلومات اکٹھا کرتے وقت بتایا گیا تھا۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ، سوشل میڈیا فراہم کنندہ کے ذریعہ آپ کی سوشل میڈیا کی معلومات کا اشتراک SMG کے ساتھ کیا جائے، تو آپ کو SMG سروسز تک رسائی کے لیے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

**ہمارے کلائنٹس کی جانب سے۔** ہمارے کچھ پروڈکٹس اور سروسز کے لیے، ہمارے کلائنٹس اپنے برانڈز، پروڈکٹس، اور سروسز کے ساتھ آپ کے تعاملات کے بارے میں معلومات بھیج سکتے ہیں، جس میں کسی ایسے لائلٹی پروگراموں کے بارے میں جس میں آپ نے اندراج کروایا ہو اور ہمارے کلائنٹس کے ساتھ آپ کی لین دین سے متعلق معلومات شامل ہوسکتی ہیں۔ ہم اپنے کلائنٹس کے لیے ہمارے ذریعہ انجام دی جانے والی مارکیٹ ریسرچ اور اور ان کو فراہم کی جانے والی سروسز کو بہتر بنانے کے لیے دوسری معلومات کے ساتھ ان معلومات کو ملا سکتے ہیں۔

## 4. پراسیسنگ کی قانونی بنیادیں

4.1. آپ کے سروے مکمل کرنے یا SMG سروسز استعمال کرنے پر ہم آپ کے رابطہ کے ڈیٹا، آبادیاتی ڈیٹا، اور سرویز کے جوابات کو پراسیس کرتے ہیں۔ ہم ایسے ذاتی ڈیٹا کو، اپنے کلائنٹس کے قانونی مفادات کی بنیاد پر ان کے گاہکوں سے تاثرات حاصل کرنے کے لیے، تاکہ ان کے پروڈکٹس اور سروسز کو ان کے گاہکوں اور ان کے کاروبار کے فائدے کے لیے بہتر بنایا جاسکے، اور SMG کے قانونی مفادات کی بنیاد پر SMG کے پروڈکٹس، سروسز اور مارکیٹ ریسرچ کو بہتر بنانے اور صارفین کی اعانت یا معلومات کی درخواست کا جواب دینے کے لیے پراسیس کرتے ہیں۔

4.2. آپ کے سروے مکمل کرنے یا SMG سروسز استعمال کرنے پر ہم آپ کے استعمال کے ڈیٹا کو پراسیس کرتے ہیں۔ ہم استعمال کے اس ڈیٹا کو آپ کے سروے میں جاری رہنے کے انتخاب، SMG کے کوکیز اور ڈیٹا جمع آوری کی دیگر ٹیکنالوجیز کے استعمال کی اپنی منظوری کی تصدیق کی بنیاد پر پراسیس کرتے ہیں۔ آپ اپنی منظوری کو ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل privacyofficer@smg.com پر یا اس پتے پر لکھ کر اپنی منظوری واپس لے سکتے ہیں Data Protection Officer, Service Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108

4.3. جب آپ SMG سروسز کے ساتھ سوشل نیٹ ورکنگ سروسز کا استعمال کرتے ہیں، تو آپ کی رازداری کی ترتیبات کے لحاظ سے، ہم آپ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر فراہم کردہ معلومات کو بھی پراسیس کرسکتے ہیں۔ ہم ان معلومات کو آپ کی منظوری کی بنیاد پر پراسیس کرتے ہیں، جسے آپ سوشل نیٹ ورکنگ سروس کی رازداری کی اپنی ترتیبات میں فراہم کرتے ہیں۔ آپ ہمیں اپنے سوشل میڈیا کے ڈیٹا کو مزید استعمال نہ کرنے کی اجازت دینے کے لیے اپنی رازداری کی ترتیبات میں تبدیلی کرکے اپنی منظوری واپس لے سکتے ہیں۔

4.4. ہم اپنے کلائنٹ کی طرف سے ان کے برانڈز، پروڈکٹس اور سروسز کے ساتھ آپ کے تعامل کے سلسلے میں حاصل ہونے والی معلومات کو پراسیس کرتے ہیں۔ ہم ان معلومات کو SMG کے اور SMG کے کلائنٹ کی جائز مفادات کی بنیاد پر پراسیس کرتے ہیں، جس میں SMG اور ہمارے کلائنٹس کے پروڈکٹس اور سروسز کو بہتر بنانا اور SMG کے مارکیٹ ریسرچ کو بہتر بنانا شامل ہے۔

## 5. ہم ذاتی ڈیٹا کا استعمال اور اشتراک کس طرح کرتے ہیں

ہم ان معلومات کو کس طرح استعمال اور شیئر کرتے ہیں جسے ہم اکٹھا کرتے ہیں یا جو آپ ہمیں فراہم کرتے ہیں اس کا انحصار آپ کے SMG سروسز کو استعمال کرنے کے طریقے یا رسائی پر ہے۔ قانون کے ذریعہ مطلوب ہونے پر، SMG فریقین ثالث کو ذاتی ڈیٹا فراہم کرنا بند کرنے کی آپ کی درخواست پر عمل کرے گی۔

- **آپ کے ساتھ مواصلت کرنا۔** آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال، ضروری ہونے پر، آپ کے ساتھ ہمارے رشتہ کا نظم کرنے اور آپ کے ساتھ ای میل، ٹیلیفون، ای میل، موبائل الرٹس، اور ایس ایم ایس متنی پیغام کے ذریعہ مواصلت کے لیے کیا جائے گا۔ جب تک کہ سروے کا جواب دہندہ واضح طور پر مواصلت کی درخواست نہیں دیتا ہے، SMG سروے کی دیانت داری کی تصدیق، سروے فراہم کرنے، سروے انجام دینے کے نتیجے میں انعامات یا فوائد فراہم کرنے، یا کسٹمر سروس فراہم کرنے کے علاوہ سروے کے جواب دہندہ سے رابطہ نہیں کرے گی۔ تاہم SMG براہ راست مارکیٹنگ مقاصد کے لیے آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال نہیں کرتی ہے، آپ کو کلائنٹ کے ایسا کرنے کا تعین کرنے کے لیے کلائنٹ کی اس رازداری کی پالیسی کا جائزہ لینا چاہئے جس کے لیے ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو جمع کررہے ہیں۔ ہم سروس فراہم کنندگان کے ساتھ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کرسکتے ہیں جو آپ کے ساتھ تعلق کا بندوبست کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

- **آپ کے ذریعہ درخواست کردہ خدمات انجام دینا۔** ہم آپ کے ذریعہ طلب کردہ خدمات یا آپ کے ذریعہ شروع کیے گئے اعمال کے لیے آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال اور اشتراک کرسکتے ہیں، جیسے جب آپ میسیج بورڈز، فورم، یا ہمارے سوشل میڈیا والے صفحات پر معلومات یا امواد پوسٹ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ، جب آپ ہمیں اجازت دیتے ہیں، تو ہم کسی بھی ایسے شخص پر آپ کے ذاتی ڈیٹا کا افشاء کرسکتے ہیں جنہیں آپ SMG سروسز کے ذریعہ مواصلات بھیجتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ہم انعامات فراہم کرنے اور سرویز انجام دینے کے لیے طلب کردہ یا حاصل کردہ فوائد کی تکمیل کے لیے فریقین ثالث کے ساتھ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال اور اشتراک کرسکتے ہیں۔ اگر آپ قرعہ اندازی یا دیگر پروموشن میں شرکت کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو ہم آپ کی معلومات ان پروموشنز کے فریق ثالث منتظمین کو بھیجتے ہیں، تاکہ وہ آپ کے سوالات کا جواب دے سکیں یا آپ کے جیتے ہوئے انعام یا پروموشن سے متعلق دیگر مسائل کے سلسلے میں رابطہ کرسکیں۔

- **SMG سروسز کے استعمال کا تجزیہ کرنا اور اسے بہتر بنانا۔** ہم استعمال کے تجزیات، جعلسازی کا پتہ لگانے، اور SMG سروسز کے لیے کارکردگی کو بہتر بنانے کے واسطے کوکیز اور ڈیٹا جمع کرنے کے دوسرے ٹولز کے ذریعہ جمع کردہ ذاتی ڈیٹا کا استعمال کرتے ہیں۔ ہم لوگوں کے SMG سروسز کے استعمال کے طریقے کا تجزیہ کرنے کے لیے فریق ثالث ویب سائٹ کی اینالیٹکس سروسز کا استعمال کرسکتے ہیں، جن میں، ماؤس کے کلکس، ماؤس کی حرکات، اسکرولنگ کی سرگرمی، اور ایسے متن کو ریکارڈ کرنا شامل ہیں جسے آپ فری-فارم ٹیکسٹ باکسز میں ٹائپ کرتے ہیں۔ ہم ان فریقین ثالث سروسز کی جانب سے جمع کردہ معلومات کا استعمال کرتے ہیں تاکہ ہمیں اس بارے میں بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملے کہ ہمارے صارفین SMG سروسز کو کیسے تلاش اور استعمال کرتے ہیں۔

- **دیگر سروس فراہم کنندگان کے ساتھ ڈیٹا کا اشتراک۔** ہم آپ کی معلومات،بشمول آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک دیگر سروس فراہم کنندگان کے ساتھ کرسکتے ہیں جس کا استعمال ہم ان افعال کو انجام دینے کے لیے کرتے ہیں جس کے لیے ہم ان کے ساتھ مصروف عمل ہیں، جیسے ہوسٹنگ، ڈیٹا اسٹوریج، اور سکیورٹی۔ ہم دوسرے متعلقہ SMG سروسز کو چلانے کے لیےبھی حسب ضرورت آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کرسکتے ہیں، جیسے ان ویب سائٹس کی درجہ بندی کرنے اور جائزہ کے لیے جسے ہم چلاتے ہیں۔

- **کلائنٹس کے ساتھ ڈیٹا کا اشتراک۔** اگر آپ ہمارے کسی کلائنٹس کے ساتھ اپنے صارف کے تجربہ سے متعلق سروے انجام دینے کے لیے SMG سروسز تک رسائی کرتے ہیں، تو ہم اس کلائنٹ کے ساتھ آپ کے سروے کے جوابات کے بارے میں اور اس سے متعلق آپ کے جمع کردہ ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کرتے ہیں۔ ہم اس ذاتی ڈیٹا کا استعمال مارکیٹ ریسرچ کی بصیرتیں حاصل کرنے اور اپنے کلائنٹس کو صارف کے برتاؤ کا تجزیہ اور کاروباری اطلاعات فراہم کرنے کے لیے بھی کرسکتے ہیں۔ جس کلائنٹ کے لیے ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا جمع کرتے ہیں اس کے ذریعہ اسے استعمال کرنے، حفاظت کرنے اور بصورت دیگر ذاتی ڈیٹا کو پراسیس کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات کے لیے، اس کلائنٹ کی رازداری کی پالیسی پڑھیں۔ ہم اور ہمارے کلائنٹس مختلف قسموں کی معلومات کو باہم ملا سکتے ہیں، جن میں ہمارے ذریعہ آپ سے جمع کردہ اور آپ سے متعلق ذاتی ڈیٹا، ہمارے کلائنٹ یا فریق ثالث کے وسائل شامل ہیں۔ SMG اس رازداری کی پالیسی میں وضاحت کردہ کسی بھی مقاصد کے لیے مشترکہ معلومات کو استعمال

کرسکتی ہے، اور ہمارے کلائنٹس اپنی رازداری کی پالیسیوں میں وضاحت کردہ کسی بھی مقاصد کے لیے مشترکہ معلومات کو استعمال کرسکتے ہیں۔

- **قانونی ذمہ داریوں کی تعمیل اور قانونی حقوق کا نفاذ۔** ہم ضروری ہونے پر، اپنے حقوق کے نفاذ، اپنی املاک کے تحفظ یا دوسروں کے حقوق، املاک یا سلامتی کے تحفظ، یا حسب ضرورت بیرونی آڈیٹنگ، تعمیل، اور تجارتی نگرانی کے اعمال میں تعاون کرنے کے لیے بھی ہمارے ذریعہ آپ سے جمع کردہ معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔ کسی سمن، ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی یا جج کے پابند کرنے والے حکم کی تعمیل کرنے، قانونی کارروائی، سرکاری درخواست یا کسی دیگر قانونی یا انضباطی ذمہ داری کی تکمیل کے لیے ہم درکار ہونے پر اپنی صوابدید کے مطابق حسب ضرورت ذاتی ڈیٹا کا افشاء کریں گے، ہر ایک معاملہ میں یہ آپ کے رہائشی ملک سے باہر کا کوئی ادارہ بھی ہو سکتا ہے۔ ہم خود کو ہو سکنے والے نقصان کے لیے دستیاب تدارک یا نقصانات کو محدود کرنے کے لیے ضروری ہونے پر ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کرسکتے ہیں۔

- **کارپوریٹ تبدیلیوں کے سلسلے میں ڈیٹا منتقلکرنا۔** ہم آپ کے بارے میں معلومات، بشمول ذاتی ڈیٹا کو منتقل کرسکتے ہیں، جو کسی حقیقی یا امکانی تنظیم نو، انضمام، فروخت، مشترکہ مہم، تفویض، منتقلی، حصول ملکیت یا SMG یا کسی بھی الحاق یافتہ کمپنی کے ذریعہ ملکیت یا کنٹرول میں دیگر تبدیلی (ہر ایک معاملے کلی یا جزوی طور پر)، بشمول، بلاتحدید، کسی دیوالیہ پن یا مساوی قانونی کارروائی کے سلسلے میں ہو۔ ایسے کسی بھی ادارے کو، جسے ہم ذاتی ڈیٹا منتقل کرتے ہیں، کسی بھی ایسے پراسیسنگ کے مقاصد کے لیے آپ کو نوٹس دینا ہوگا جو اس رازداری کی پالیسی، ساتھ ہی کسی بھی رازداری کے طریقوں میں مذکور نہیں ہیں اور جو اس رازداری کی پالیسی میں مذکور طریقوں سے بہت زیادہ مختلف ہیں۔ قانون کے ذریعہ مطلوب ہونے پر، ایسے ادارے کو آپ کی منظوری حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی۔

- **دیگر کاروباری مقاصد کے لیے ذاتی ڈیٹا کا استعمال۔** ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال دیگر جائز کاروباری مقاصد کے لیے بھی کرسکتے ہیں، جیسے پروڈکٹ اور سروس ڈپارٹمنٹ اور SMGسروسز کے نظم و نسق کے لیے۔

## 6. ذاتی ڈیٹا کو برقرار رکھنا اور اسے ضائع کرنا

ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اپنے ریکارڈوں میں اس مدت سے زیادہ عرصے تک نہیں رکھیں گے جب تک اسے جمع کرنے کے اصل مقاصد کے لیے اس کی مزید ضرورت باقی نہ رہ جائے۔ جب ان معلومات کی ضرورت اسے جمع کرنے کے اصل مقاصد کے لیے مزید باقی نہیں رہتی ہے، تو ہم آپ کے تمام الیکٹرانک ذاتی ڈیٹا کو محفوظ طریقے سے حذف کردیں گے، اور ذاتی ڈیٹا کی کسی بھی کاغذی کاپی کو محفوظ طریقے سے پرزے پرزے کردیں گے، سوائے اس کے جو ہماری قانونی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے ضروری ہو۔

## 7. ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ سے متعلق آپ کے حقوق اور انتخابات

آپ کسی بھی وقت SMG سروسز تک مزید رسائی نہ کرکے سرویز میں شرکت کرنے سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ ایسے مقام میں رہتے ہیں جہاں کے قوانین یا ضابطے آپ کو اپنے ذاتی ڈیٹا کے سلسلے میں خصوصی کارروائی کرنے کی درخواست کرنے کے حقوق دیتے ہیں، تو آپ کے پاس ایسے قانون [قوانین] یا ضابطہ [ضوابط] کے ذریعہ منظور کردہ خصوصی حقوق حاصل ہوں گے، جن میں رسائی اور تجدید کاری (مثلا، ترمیم یا اضافہ) کی درخواست کا حق یا آپ کے ذاتی ڈیٹا کو مٹانے، آپ کے ڈیٹا کو منتقل کرنے کا حق (مثلاڈیٹا پورٹیبلیٹی)، اپنے ذاتی ڈیٹا کو پراسیس کرنے پر پابندی، ساتھ ہی اپنے ذاتی ڈیٹا کو پراسیس کرنے پر اعتراض کرنے، اپنیمنظوری واپس لینے، اپنا اکاؤنٹ منسوخ کرنے، اور سپروائزری اتھارٹی کے پاس شکایت کرنے کا حق شامل ہوسکتا ہے۔ ایسی تمام درخواستوں پر قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں میں مذکور پیمانوں کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

اگر آپ یوروپین یونین میں رہتے ہیں، تو آپ کے پاس عمومی ڈیٹا کے تحفظ کے ضابطہ کے تحت SMG سے اپنے ذاتی ڈیٹا، ڈیٹا پورٹیبلیٹی، اپنے ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ پر پابندی لگانے، اپنے ذاتی ڈیٹا کو پراسیس کرنے پر اعتراض کرنے، اپنیمنظوری واپس لینے، اور سپروائزری اتھارٹی کے پاس شکایت کرنے کے لیے رسائی اور ترمیم یا مٹانے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ یوروپین یونین سے باہر رہتے ہیں، تو آپ کے پاس مقامی قوانین کے تحت مخصوص ڈیٹا کے موضوعات سے متعلق حقوق ہوسکتے ہیں۔

ایسی درخواست دینے کے لیے، ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے ای میل کے ذریعہprivacyofficer@smg.com پر یا ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر، سروس مینیجمنٹ گروپ سے 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108 پر تحریری طور پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**8. ذاتی ڈیٹا فراہم نہ کرنے کے نتائج**

حالانکہ سرویز میں شرکت رضاکارانہ ہے، تاہم اگر آپ سروے میں درخواست کردہ تمام معلومات فراہم نہیں کرتے ہیں تو آپ کچھ مخصوص ترغیبات، انعامات، یا فوائد کے اہل نہیں ہوسکتے ہیں۔

**9. کوکیز سے متعلق پالیسی**

**9.1. کوکیز کیا ہیں**

SMG اور ہمارے سروس فراہم کنندگان چھوٹی متنی فائلوں کا استعمال کرتے ہیں جنہیںکوکیز کہا جاتا ہے۔ **"کوکیز"** چھوٹی کمپیوٹر فائلیں ہوتی ہیں جسے آپ کے ویب براؤزر کمپیوٹر، موبائل ڈیوائس، یا ٹیبلٹ کے ہارڈ ڈرائیو میں بھیجا جاتا ہے یا اس تک رسائی کی جاتی ہے جس میں آپ کے کمپیوٹر کے بارے میں معلومات، جیسے صارف آئی ڈی، صارف کی ترتیبات، براؤزنگ کی روداد، اور سروسز استعمال کرنے کے دوران انجام دی گئی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔ کوکیز میں عام طور پر ڈومین نام (انٹرنیٹ کا مقام) جہاں سے کوکی تخلیق ہوتی ہے، "کوکیز کا "عرصۂ حیات" (جیسے اس کی میعاد کب ختم ہوگی)، اور بلاترتیب طور پر تخلیق شدہ منفرد نمبر یا شناخت کنندہ شامل ہوتے ہیں۔ کوکیز ذاتی ڈیٹا سے مربوط ہوسکتی ہیں۔

**9.2. ہم کوکیز اور ڈیٹا جمع کرنے کے ٹولز کا استعمال کیسے کرتے ہیں**

کوکیز آپ کی نیویگیشن کی عادتوں کو ٹریک کرکے SMG کی سروسز کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کرتی ہیں، اور SMG سروسز کے ساتھ آپ کے تجربات کو حسب ضرورت بناتی ہیں۔ یہ ہمیں SMG سروسز کے بارے میں تکنیکی اور نیویگیشنل معلومات کا تجزیہ کرنے کا موقع دیتی ہے اور کسی بھی جعلسازی کا پتہ لگانے اور اسے روکنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔

SMG سروسز کے ساتھ آپ کے تجربات کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے، ہم کوکیز اور ڈیٹا جمع کرنے کے دوسرے ٹولز کا بھی استعمال کرتے ہیں (جیسے ویب بیکنس اور سرور لاگز)، جسے ہم مجموعی طور پر**"ڈیٹا جمع کرنے کے ٹولز،"** کہتے ہیں – مثال کے طور پر، آپ کو ہمارے پاس واپس آنے کی یاددہانی کرانے، اور آپ جن موادوں کو دیکھتے ہیں انہیں مزید متعلقہ بنانے کے لیے۔

SMG سروسز آپ کے ذریعہ SMG سروسز تک رسائی کے لیے استعمال کیے گئے ڈیوائس سے معلومات جمع کرنے کے لیے ڈیٹا جمع کرنے والے ٹولز کا استعمال بھی کرسکتی ہے، جیسے کہ آپ کے آپریٹنگ سسٹم کی قسم، براؤزر کی قسم، ڈومین، اور سسٹم کی دیگر ترتیبات، ساتھ ہی آپ کے سسٹم میں استعمال ہونے والی زبان اور ملک اور ٹائم زون جہاں آپ کا ڈیوائس موجود ہے۔

**9.3. کوکیز پر آپ کا کنٹرول**

ویب براؤزرس زیادہ تر کوکیز پر براؤزر سیٹنگز کے ذریعہ قابو رکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔ بعض ویب براؤزرس (بشمول موبائل ویب براؤزرس) ایسی سیٹنگز فراہم کرتے ہیں جو آپ کو کوکیز کو مستردکرنے یا آپ کے کمپیوٹر، ٹیبلٹ یا موبائل آلہ پر کوکیز ڈالے جانے پر آپ کو آگاہ کیے جانے کی سہولت دیتے ہیں۔ آپ اپنے موبائل آلہ پر مناسب سیٹنگ فعال کرکے موبائل ڈیوائس کے شناخت کنندگان کو مسترد کرسکتے ہیں۔ اگرچہ آپ کے لیے SMG کی کوکیز یا موبائل ڈیوائس شناخت کنندگان کو قبول کرنا لازمی نہیں ہے، تاہم اگر آپ انہیں مسدود یا مسترد کرتے ہیں تو، آپ کو SMG سروسز کے ذریعہ دستیاب تمام خصوصیات تک رسائی حاصل نہیں ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ ایسے حلقے میں رہتے ہیں جو ہم سے یہ تقاضہ کرتا ہے کہ ہم اپنی ویب سائٹوں اور/یا ایپلیکیشنز پر کوکیز استعمال کرنے کے لیے آپ کی منظوری حاصل کریں تو، آپ کو ان ویب سائٹوں اور یا ایپلیکشنز پر اپنے کوکیز کی ترجیحات کا بندوبست کرنے کا ایک موقع حاصل ہوگا؛ سوائے اس کے کہ ان ویب سائٹوں اور ایپلکیشنز کی بنیادی عمل آوری کو فعال کرنے کے لیے بعض کوکیز دکار ہوتی ہیں اور آپ ان کوکیز کو غیر فعال کرنے کا انتخاب نہیں کرسکتے۔

**10. آپ کے اکاؤنٹ کی معلومات کا نظم کرنا**

آپ قابل اطلاق SMG سروس کے اکاؤنٹ والا حصہ ملاحظہ کرسکتے ہیں اور ہمارے پاس آپ کے بارے میں موجود معلومات کی حقائق سے متعلق غلطیاں درست کرسکتے ہیں۔ اگر اس بارے میں آپ کے سوالات ہوں کہ اپنے ذاتی ڈیٹا تک کیسے رسائی کریں یا اسے درست کریں تو ، اپنے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل

privacyofficer@smg.com پر یا اس پتے پر تحریری طور پر رابطہ کریں Data Protection Officer, Service Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108

**11. بچوں کی رازداری**

SMG سروسز عام سامعین کے لیے ہیں اور ان بچوں کے لیے نہیں ہے جن کی عمر کسی بھی ایسے حلقہ اختیار میں جہاں ہم کام کرتے ہیں، اپنے ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ کی اجازت فراہم کرسکنے کی عمر سے کم ہو۔ ہم جان بوجھ کر 13 سال سے کم عمر کے بچوں کا ذاتی ڈیٹا جمع نہیں کرتے ہیں۔ اگر آپ اس بات سے واقف ہیں کہ کسی ایسے بچے/بچی نے، جس کی عمر اپنے ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ کے لیے منظوری دینے کی قانونی عمر سے کم ہے، ہمیں والدین کی اجازت کے بغیر ذاتی ڈیٹا فراہم کیا ہے تو ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ میل privacyofficer@smg.com پر یا تحریری طور پر اس پتے پر رابطہ کریں Data Protection Officer, Service Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108۔ اگر ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ کسی ایسے بچے/بچی نے، جس کی عمر اس کے حلقے کے لیے ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ کی منظوری دے پانے عمر سے کم ہے، ہمیں والدین کی اجازت کے بغیر ذاتی ڈیٹا فراہم کیا ہے تو ہم جتنی جلدی ممکن ہو اس طرح کی معلومات کو ہٹانے اور بچے کے اکاؤنٹ کو ختم کرنے کے اقدامات کریں گے۔

12. **فریق ثالث خدمات تک رابطے**

SMG سروسز میں تیسرے فریق کی ویب سائٹوں اور سروسز (**"فریق ثالث سروسز"**) کے لنکس ہوسکتے ہیں جن کا SMG کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ کسی فریق ثالث سروس سے متعلق لنک کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم اس کی یا اس میں پیش کردہ معلومات کے معیار اور درستگی کی تصدیق کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی فریق ثالث خدمت پر جانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، آپ اُس کی رازداری کے طرزعمل کے مستوجب ہوں گے نہ کہ رازداری کی اس پالیسی میں بیان کردہ اخفاء سے متعلق طرز عمل کے۔

13. **معلومات کی سلامتی**

SMG کے پاس معلومات کی سلامتی کا پروگرام ہے جو ایسے تکنیکی، طبعی،اور تنظیمی پیمانوں کا نفاذ کرتا ہے جسے ذاتی ڈیٹا کے تحفظ اور رازداری کو برقرار رکھنے؛ رازداری، سالمیت اور ذاتی ڈیٹا کی دستیابی کو متوقع خطرات کے خلاف تحفظ؛ اور آپ کے ذاتی ڈیٹا کو نقصان، غلط استعمال، غیر مجاز ترمیم یا تباہی، اور غیر مجاز رسائی یا افشاء سے محفوظ میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

البتہ، جب ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کی جاتی ہے تو، یہ خطرہ موجود ہوتا ہے کہ ہوسکتا ہے یہ ڈیٹا ضائع ہوجائے، اس کا غلط استعمال ہو، اس میں ترمیم کی جائے، اس کا سرقہ ہو، اس کی خلاف ورزی ہو، اور/یا بصورت دیگر کسی غیر مجاز فریق ثالث کے ذریعہ اس تک رسائی کی جائے۔ کوئی بھی سسٹم یا ڈیٹا کی آن لائن منتقلی مکمل طور پر محفوظ نہیں ہے۔ تکنیکی، طبعی، اور تنظیمی پیمانوں کے علاوہ جو کہ SMG میں آپ کے ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لیے موجود ہے، آپ کو اپنے ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لیے مناسب حفاظتی اقدامات کرنے چاہئیں۔ اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کا SMG اکاؤنٹ یا کوئی معلومات جو آپ نے ہمیں فراہم کی ہے، مزید محفوظ نہیں ہے تو فوری طور پر ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو بذریعہ ای میل privacyofficer@smg.com پر یا 1-800-764-0439 پر کال کرکے اور SMG کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بات کروانے کو کہہ کر اطلاع دینی چاہیے۔

**14. ذاتی ڈیٹا کا جغرافیائی ملحوظات بیرون ملک منتقلی**

SMG ریاستہائے متحدہ امریکہ سے SMG سروسز کو منضبط کرتی اور چلاتی ہے۔ SMG ریاستہائے متحدہ، یونائیٹڈ کنگڈم، جاپان، یا ایشیاء یا یوروپین یونین کے دیگر مقام پر آپ کے ذاتی ڈیٹا کو منتقل، ذخیرہ اور استعمال کرسکتی ہے۔ نوٹ کرلیں کہ ممکن ہے اس ملک کا ڈیٹا کے تحفظ اور رازداری کے قوانین، آپ کے ملک کے قوانین کی طرح جامع نہ ہوں جہاں آپ کا ذاتی ڈیٹا منتقل کیا جارہا ہے۔ مثال کے طور پر، ریاستہائے متحدہ میں منتقل کیا گیا ذاتی ڈیٹا ریاستہائے متحدہ کے وفاقی اور ریاستی اتھارٹیز کی درخواست پر قانونی رسائی کا مستوجب ہوسکتا ہے۔

یوروپی اقتصادی خطہ ("EEA") سے ریاستہائے متحدہ میں ذاتی ڈیٹا کی کوئی منتقلی EU-US پرائیویسی شیلڈ کے تحت کی جاتی ہے۔ SMG، EEA سے ذاتی ڈیٹا کی جمع آوری، استعمال، اشتراک، اور برقرار رکھنے کے سلسلے میں EU-U.S. پرائیویسی شیلڈ کے اصولوں کی پابندی کرتی ہے، جیسا کہ ہمارے EU-US پرائیویسی شیلڈ کے تصدیق نامہ میں بیان کیا گیا ہے۔ پرائیویسی شیلڈ کی فہرست یہاں دیکھیں۔ پرائیویسی شیلڈ کے بارے میں مزید **معلومات** یہاں حاصل کریں۔ SMG یو ایس فیڈرل ٹریڈ کمیشن کے زیر نگرانی ہے، اور ایسے فریقین ثالث کے ذریعہ ذاتی ڈیٹا کا استعمال پرائیوسی شیلڈ کے اصولوں کے مطابق کیے جانے کے لیے بدستور ذمہ دار ہے جنہیں SMG نے ذاتی ڈیٹا منتقل کیا ہے تاوقتیکہ SMG یہ ثابت نہ کردے کہ

وہ کسی بھی صورت میں اس واقعے کے لیے ذمہ دار نہیں ہے جس کے سبب نقصان ہوا ہے۔ EEA سے باہر ذاتی ڈیٹا کی ایسی کوئی اور تمام منتقلیاں رازداری کی اس پالیسی کے مطابق اور تمام قابل اطلاق قوانین کے مطابق ہونی چاہیے۔ اگر ہمارے پرائیویسی شیلڈ کی تعمیل کے حوالے سے آپ کی کوئی شکایت ہے تو، ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل privacyofficer@smg.com یا اس پتے پر تحریری طور پر رابطہ کریں Data Protection Officer, Service Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108۔ آپ کوئی شکایت، بغیر کسی لاگت کے، ہمارے منتخب کردہ تنازعہ کے حل کی آزاد باڈی، امریکن آربیٹریشن ایسوسی ایشن کے پاس بھی بھیج سکتے ہیں، اور بعض حالات میں، پرائیویسی شیلڈ کی ثالثی کو منسوخ کرسکتے ہیں۔

انگریزی زبان کی رازداری کی پالیسی SMG کے ذریعہ SMG سروسز سے متعلق اس کے رازداری کے اعمال کا باضابطہ بیان ہے۔ انگریزی زبان میں رازداری کی پالیسی اور دیگر زبان میں کسی ترجمے کے درمیان عدم مطابقت کی صورت میں، انگریزی زبان کے اس دستاویز کو ترجیح حاصل ہوگی۔

نشیا یسوسیا یثلاث یکیرما ،ہمسج ےک لح ےک ےعزانت دازآ ہدرک بختنم ےرامہ ،جراچ تفم ،تیاکش پآ ےتکسرک وعدم وک لمع ےک یثلاث لیش یسیویئارپ ،نیم تالاح ضعب روا ،(http://go.adr.org/privacyshield.html) ںیہ.

**15. ہم سے رابطہ کرنے کا طریقہ**

اگر رازداری کے بارے میں آپ کے سوالات ہیں، اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی یا اس کی تجدید میں مدد کی ضرورت ہے یا اپنے ذاتی ڈیٹا پر کارروائي کے سلسلے میں شکایات ہیں تو، ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل privacyofficer@smg.com پر رابطہ کریں۔

آپ ہمیں اس پتے پر لکھ بھی سکتے ہیں:

Service Management Group, LLC
Attn: Data Protection Officer
1737 McGee Street
Kansas City, MO 64108

Service Management Group, Ltd.
Attn: Data Protection Officer
38-40 The Maltings
St Albans
Hertfordshire AL1 3HL
UNITED KINGDOM

Service Management Group G.K.
Attn: Data Protection Officer
2-7-16 No. 3 Komoriya Building 9F
Hamamatsu-cho, Minato-ku
Tokyo 1050013, Japan

**16. ڈیٹا کنٹرولر اور ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر**

SMG کے ذریعہ اکٹھا کردہ ذاتی ڈیٹا کو Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108 کے ذریعہ کنٹرول کیا جاتا ہے۔ آپ ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل privacyofficer@smg.com پر یا اسے پتے پر تحریری طور پر رابطہ کرسکتے ہیں: Data Protection Officer, Service Management Group, LLC, 1737 McGee Street, Kansas City, MO 64108.